SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

April 8, 2019

عوام 3-اے الائنس کمپنی میں سرمایہ کاری سے ہوشیار رہیں: ایس ای سی پی

اسلام آباد(8 اپریل)سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کے علم میں یہ بات آئی ہے کہ میسرز 3-اے الائنس کمپنی نے دعویٰ کیا ہے کہ کمپنی کے ایس ای سی پی کے ساتھ معاملات طے پاگئے ہیں اور کمپنی کو بلوچستان میں کام کرنے کی اجازت دے دی گئی ہے۔اس حوالے سے ایک غلط اور گمراہ کن خبر بھی اخبارات میں شائع کی گئی ہے۔

ایس ای سی پی عوام کو انتباہ کرتا ہے کہ مذکورہ کمپنی میسرز 3-اے الائنس عوام سے غیر قانونی طور پر فنڈز/سرمایہ کاری وصول کرنے میں ملوث پائی گئی ہے جس کے باعث ایس ای سی پی نے کمپنی کو بند کرنے کے لئے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ایس ای سی پی کے ساتھ معاملات طے پانے کے حوالے سے اخبارات میں شائع ہونے والی خبر بے بنیاد اور گمراہ کن ہے۔ کمپنی کی جانب سے عوام کو گمراہ کرنے پر 3-اے الائنس کے خلاف کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 301 کے تحت اظہار وجوہ کا نوٹس بھی جاری کر دیا ہے۔

ایس ای سی پی کی جانب سے گزشتہ ہفتے جاری کئے گئے اعلامیہ کے مطابق اس کمپنی کو بند کرنے کی قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔مذکورہ کمپنی، اپنے کوئٹہ کے دفتر کے ذریعے عوام سے موٹر سائیکل کی خرید و فروخت کے لئے غیر قانونی طور پر ایڈوان وصول کرنے اور سرمایہ کاری کے لئے ڈیپوزٹ/ رقم اکٹھا کرنے اور غیر معمولی منافع کی پیشکش کرنے میں ملوث پائی گئی ہے۔

عوام کو ایک بار پھر متنبہ کیا جاتا ہے کہ میسرز 3-اے الائنس نامی کمپنی کے گمراہ کن اور دھوکہ دہی پر مبنی سرمایہ کاری کی سکیموں سے ہوشیار رہیں اور اپنا قیمتی سرمایہ ضائع نہ کریں۔اس کمپنی کے خلاف قانونی کارروائی کی جا رہی ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005